| Booklet Serial No. |
| --- |
| |

دستخط نگران کار

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (مطالعاتِ اسلامیات) انٹرنس ٹسٹ ۔ 2017

## PhD **(Islamic Studies)** Entrance Test - 2017

**Question Paper Booklet** کتابچۂ پرچۂ سوالات

وقت : دو گھنٹے

نمبرات : 100

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔ اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل 12 صفحات پر مشتمل ہے۔ آخر کا ایک صفحہ Rough Work کے لیے ہے۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔
3. اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے ۔ پھر O M R جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ball Point Pen سے گہرا کیجیے۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔ اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچہء سوالات اپنے ساتھ لیجا سکتے ہیں۔

☆☆☆

## (Part - A) حصہ۔اول

1۔ ان میں سے کون بے جوڑ ہے؟

(A) ابوالقاسم زہراوی۔سرجری
(B) ابن سینا۔القانون
(C) الخوارزمی۔الجبرا
(D) ابن الہیثم۔الشفا

2۔ فلسفہ اخلاقیات پر ابن مسکویہ کی کتاب کا کیا نام ہے؟

(A) تہذیب الاخلاق (B) رسائل اخوان الصفا (C) اخلاق نامہ (D) کتاب الاخلاق

3۔ اسلامی اقتصادیات پر بیسویں صدی کی مشہور کتاب 'اقتصادنا' کے مصنف کون ہیں؟

(A) تقی عثمانی (B) باقر صدر (C) قرہ داغی (D) نجات اللہ صدیقی

4۔ ذیل میں سے کون نظام الملک طوسی کی کتاب نہیں ہے؟

(A) سیر الملوک (B) دستور الوزراء (C) مجمع الوصایا (D) نصیحۃ الملوک

5۔ اندلس کی اموی حکومت میں خلیفہ کا لقب سب سے پہلے کس نے استعمال کیا ؟

(A) عبدالرحمان الداخل (B) عبدالرحمان الثانی (C) عبدالرحمان الثالث (D) ہشام

6۔ مشہور وزیر حاجب المنصور کا تعلق کس حکومت سے ہے؟

(A) مملوک حکومت (B) سلجوقی حکومت (C) اندلس کی اموی حکومت (D) سامانی حکومت

7۔ لسان الدین ابن الخطیب اندلسی کس حیثیت سے مشہور ہیں؟

(A) مؤرخ (B) فلسفی (C) فقیہ (D) محدث

8۔ مشہور طبیب ابن زہر کا تعلق کس علاقہ سے تھا؟

(A) اندلس (B) افریقہ (C) بغداد (D) خراسان

9۔ قاضی اسد بن فرات صقلیہ میں کیا تھے؟

(A) بانی حکومت (B) بانی مدرسہ (C) صرف فوجی سربراہ (D) صرف عدالتی سربراہ

10۔ شریف ادریسی کی شہرت کس فن کے لئے ہے؟

(A) طبیعیات (B) فلسفہ (C) جغرافیہ (D) ادب

11۔ 'جامع زیتونہ' کہاں واقع تھی؟

(A)مصر (B)مراکش (C)تیونس (D)شام

12۔ جامع ازہر کی بنیاد کس فاطمی خلیفہ نے رکھی؟

(A)المعز (B)المنصور (C)عبیداللہ المہدی (D)جوہر الصقلی

13۔ نظام الملک طوسی کس حکومت میں وزیر رہا؟

(A)سلجوقی (B)خوارزم شاہی (C)حمدانی (D)سامانی

14۔ سامانی دور حکومت کس کام کے لئے مشہور ہے؟

(A)فارسی ادب (B) فنون لطیفہ (C)فن تعمیر (D)موسیقی

15۔ 'تحقیق ماللہند' کس کی تصنیف ہے؟

(A)مسعودی (B) المقدسی (C) البیرونی (D) برنی

16۔ علاءالدین جہاں سوز کس شہر کو جلا ڈالنے کی وجہ سے مشہور ہوا؟

(A)بغداد (B)اسکندریہ (C) غزنیں (D) اصفہان

17۔ محمد بن تومرت کس حکومت کے بانی کہلاتے ہیں؟

(A)موحدین (B)مرابطین (C)اغالبہ (D)سلاجقہ

18۔ سلطان قلاؤن کے بنائے ہوئے منصوری اسپتال کا انچارج ان میں سے کون تھا؟

(A)ابن القف (B) ابن النفیس (C)ابن زہر (D)ابن الہیثم

19۔ مشہور شاعر متنبّی ان میں سے کس حکومت سے وابستہ تھا؟

(A)بنوحمدان (B) مملوک (C)اخشیدی (D)بنوبویہ

20۔ 'آداب المریدین' ان میں سے کس کی تصنیف ہے؟

(A)ضیاءالدین سہروردی (B) شہاب الدین سہروردی (C)علی ہجویری (D)ابوبکر کلاباذی

21۔ شیخ عبدالقدوس گنگوہی تصوف کے کس سلسلہ سے وابستہ تھے؟

(A)قادریہ (B)سہروردیہ (C)چشتیہ نظامیہ (D)چشتیہ صابریہ

22۔ انسانی وسماجی علوم کی تحقیق میں حوالہ کے لئے کون سا طریقہ زیادہ استعمال ہوتا ہے؟

(A) MLA　(B) APA　(C) CMS　(D) ان میں سے کوئی نہیں

23۔ MLA طریقہ حوالہ کا مکمل نام کیا ہے؟

(A) Modern Language Association　(B) Modern Leraning Association

(C) Method of Live Assessment　(D) Manual of Lerning Anthropology

24۔ مراجع اور مصادر کی بابت ذیل میں سے کیا صحیح ہے؟

(A) دونوں مرادف ہیں　(B) مصادر اولین آ خذ ہیں　(C) مراجع اولین آ خذ ہیں　(D) مصادر ثانوی آ خذ ہیں

25۔ مفروضے کی صحیح نوعیت کیا ہے؟

(A) نتائج ہیں　(B) سوالات ہیں　(C) دعوے ہیں　(D) قابل تحقیق دعوے ہیں

26۔ کتابیات اور مراجع کے بارے میں کون بیان زیادہ صحیح ہے؟

(A) کتابیات حوالے ہیں　(B) مراجع حواشی ہیں

(C) کتابیات اور مراجع مرادف ہیں　(D) کوئی درست نہیں

27۔ حواشی کے درج کرنے کی جگہ ذیل میں سے کون ہے؟

(A) ہر صفحہ کے نیچے　(B) ہر باب کے آخر میں　(C) آخر کتاب میں　(D) تینوں درست ہیں

28۔ اسلامیات کے موضوعات پر تحقیق کی نوعیت زیادہ تر کیا ہوتی ہے؟

(A) میدانی تحقیق　(B) نظریاتی تحقیق　(C) شماریاتی تحقیق　(D) تاریخی تحقیق

29۔ متعلقہ کاموں کا جائزہ کسی تحقیقی عمل میں کیا حیثیت رکھتا ہے؟

(A) تحقیق سے پہلے ہوتا ہے　(B) تحقیق کے دوران ہوتا ہے　(C) تحقیق کے بعد ہوتا ہے　(D) اختیاری عمل ہے

30۔ ایم فل کا مقالہ عموما کیا کہلاتا ہے؟

(A) Dissertation　(B) Thesis　(C) Assingment　(D) تینوں

31۔ حوالہ دینا کب ضروری ہوتا ہے؟

(A) جب کسی کا جملہ نقل کیا جائے　(B) جب کسی کا خیال ذکر کیا جائے

(C) جب کسی کی جانب نسبت کی جائے　(D) ان سب میں

32۔ موضوع تحقیق کے انتخاب میں ذیل میں سے کون وصف زیادہ موزوں ہے؟

(A) سوانح عمری کا موضوع ہو
(B) انتہائی جدید موضوع ہو
(C) انتہائی فنی موضوع ہو
(D) موضوع سے دلچسپی ہو

33۔ اگر کسی حوالہ میں مصادر اور مراجع دونوں موجود ہوں تو کسے درج کرنا ضروری ہے؟

(A) صرف مصادر
(B) صرف مراجع
(C) مصادر اور مراجع دونوں
(D) حسب صوابدید کوئی بھی

34۔ اسلامیات کا شمار ذیل میں سے کس میں ہوتا ہے؟

(A) تاریخی علوم میں
(B) سماجی علوم میں
(C) فکری علوم میں
(D) تحقیقی علوم میں

35۔ اسلامیات کی اہم لائبریروں میں کون شمار ہوتا ہے؟

(A) آزاد لائبریری
(B) شبلی نعمانی لائبریری
(C) یہ دونوں
(D) صرف اول

36۔ اسلامک اسٹڈیز کی تحقیق میں ذیل میں سے کیا ضروری ہوتا ہے؟

(A) لائبریری سے استفادہ
(B) اہل علم سے انٹرویو
(C) مخطوطات سے استفادہ
(D) یہ سارے

37۔ رضا لائبریری کہاں واقع ہے؟

(A) پٹنہ
(B) دہلی
(C) لکھنؤ
(D) رامپور

38۔ کتابیات کا اندراج کس ترتیب سے ہوتا ہے؟

(A) مصنف کے مرتبہ کی ترتیب
(B) تاریخ وفات کی ترتیب
(C) زمانی ترتیب
(D) حروف تہجی کی ترتیب

39۔ ایم فل کے مقالہ کے لئے ابواب کی مناسب تعداد کتنی ہے؟

(A) ایک تا دو
(B) دو تا تین
(C) تین تا چار
(D) چار تا پانچ

40۔ کسی حدیث کے حوالہ کے لئے 'الجامع الصغیر' از سیوطی کا حوالہ کیسا ہے؟

(A) موزوں حوالہ ہے
(B) غیر تحقیقی حوالہ ہے
(C) اولین حوالہ ہے
(D) علمی حوالہ ہے

41۔ کتاب 'تحقیق کا فن' ذیل میں سے کس کی تصنیف ہے؟

(A) قاضی عبدالودود
(B) ظفر الاسلام خاں
(C) جگن ناتھ آزاد
(D) گیان چند

42۔ تحقیقی مقالہ کو کیا نہیں ہونا چاہیے؟

(A) کسی کتاب کی تلخیص (B) اقتباسات کا مجموعہ (C) غیر مطبوعہ کام کی نقل (D) یہ سارے

43۔ کسی شخصیت کی علمی خدمات پر تحقیق کی صورت میں اس کی تصنیفات کیا کہلائیں گی؟

(A) اولین مصادر (B) ثانوی مصادر (C) مراجع (D) حوالے

44۔ تحقیقی عمل کے آغاز میں ان میں سے کیا ضروری ہے؟

(A) خاکہ کی تیاری (B) تلخیص کی تیاری (C) فہرست کی تیاری (D) مراجع کی تیاری

45۔ عمل تحقیق کی بابت ذیل میں سے کون بیان زیادہ درست ہے؟

(A) کوئی نئی فکر پیش کی جاتی ہے۔
(B) کسی موضوع کے منتشر اجزاء کو مرتب کیا جاتا ہے۔
(C) کسی نظریہ پر تنقید کی جاتی ہے
(D) کسی موضوع کو نئے اسلوب میں پیش کیا جاتا ہے۔

46۔ تحقیق کے عمل میں اپنی پسندیدہ رائے کی تائید کیا کہلاتی ہے؟

(A) حق کی طرفداری (B) تحقیقی رویہ (C) غیر تحقیقی رویہ (D) اظہار رائے کی آزادی

47۔ تحقیقی مقالہ کی تکمیل پر مفروضے کیا نتیجہ رکھتے ہیں؟

(A) مفروضے برقرار رہتے ہیں
(B) لازماً غلط ہوجاتے ہیں
(C) لازماً درست نکلتے ہیں
(D) کبھی درست ثابت ہوتے ہیں

48۔ اشاریہ سازی (Index) کی بابت کون سا بیان درست ہے؟

(A) اقتباسات کی توضیح ہے
(B) حواشی کا نام ہے
(C) مصادر کا تذکرہ ہے
(D) استفادہ کی تسہیل ہے

49۔ تحقیق کی حقیقت کے اندر ذیل میں سے کیا چیز پائی جاتی ہے؟

(A) کسی فکر کی تائید میں دلائل جمع کئے جاتے ہیں۔
(B) غلط نظریہ کی تردید علمی اسلوب میں انجام دی جاتی ہے۔
(C) اہل علم کی قیمتی آراء سے استفادہ کیا جاتا ہے۔
(D) تلاش و تفتیش کے ذریعہ کسی نتیجہ تک پہنچنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

50۔ تحقیق کا نتیجہ کیا حیثیت رکھتا ہے؟

(A) حتمی ہوتا ہے
(B) دوبارہ تحقیق کے قابل نہیں ہوتا ہے
(C) ہمیشہ قابل تحقیق رہتا ہے
(D) سارے غلط

## (Part - B) حصہ۔دوم

51۔ ہندوستانی طبیب 'صالح بن بہلہ' ذیل میں سے کس حکمراں کے دربار میں آیا تھا؟

(A) ولید بن عبدالملک (B) یزید بن معاویہ (C) ابوجعفر منصور (D) ہارون الرشید

52۔ ہندوستان سے سیکھے گئے نمبرات کو عرب کیا کہتے ہیں؟

(A) عربی نمبرات (B) ہندوستانی نمبرات (C) اسلامی نمبرات (D) جدید نمبرات

53۔ عباسی حکومت کے ابتدائی دور میں ہندوستان کی کن کتابوں کا عربی میں ترجمہ ہوا؟

(A) آریہ بھٹ (B) سدھانت (C) پنچ تنتر (D) یہ سارے

54۔ سندھ میں راجہ داہر کی مدد کرنے والے مسلم سپہ سالار کا کیا نام تھا؟

(A) محمد بن قاسم (B) محمد علافی (C) عبدالرحمٰن بن اشعث (D) اسلام دیبلی

55۔ عربی حروف پر نقطے کس نے لگائے؟

(A) سیبویہ (B) ابوالاسود دوئلی (C) حجاج بن یوسف (D) یہ سارے

56۔ صحابی رسول حضرت زید کا نام قرآن کی کس سورت میں بیان ہوا ہے؟

(A) توبہ (B) محمد (C) احزاب (D) فاطر

57۔ سورہ حجرات میں بیان ہوئے احکام کس موضوع سے تعلق رکھتے ہیں؟

(A) سماجی اصلاح (B) معاشی ہدایات (C) عائلی مسائل (D) جنگی احکام

58۔ جامع البیان کس منہج کی تفسیر سمجھی جاتی ہے؟

(A) تفسیر ماثور (B) تفسیر عقلی (C) تفسیر فقہی (D) تفسیر ادبی

59۔ مولانا ابوالکلام آزاد کی تحریر کردہ 'ترجمان القرآن':

(A) مکمل تفسیر ہے (B) صرف سورہ فاتحہ کی تفسیر ہے

(C) سورہ توبہ تک تفسیر ہے (D) سورہ مومنون تک تفسیر ہے

60۔ حدیث روایت کرنے والے مکثرین صحابہ میں ذیل میں سے کون شامل نہیں ہیں؟

(A) حضرت ابوسعید (B) حضرت عائشہ (C) حضرت ام سلمہ (D) حضرت جابر

61۔ ان میں سے کون بے جوڑ ہے:

(A)مصنف۔حدیث (B)نیشاپور۔مسلم (C)علل۔دارقطنی (D)نووی۔مدینہ

62۔ درست ترتیب کون ہے؟

(A)مالک۔احمد بن حنبل۔ابن ابی شیبہ۔مسلم (B)ابن ابی شیبہ۔احمد بن حنبل۔مالک۔مسلم

(C)مسلم۔مالک۔احمد بن حنبل۔ابن ابی شیبہ (D)احمد بن حنبل۔ابن ابی شیبہ۔مسلم۔مالک

63۔ فقہ اسلامی کی سب سے ضخیم اور مکمل انسائیکلوپیڈیا کون ہے؟

(A)موسوعہ فقہیہ (B)موسوعۃ جمال عبدالناصر (C)قاموس الفقہ (D)جامع الفقہ

64۔ ان میں سے کون بیان درست نہیں ہے؟

(A)فقہی مسالک کی تشکیل عہد نبوی میں نہیں ہوئی تھی۔ (B)فقہی مسالک عوام کی عملی آسانی کے لئے ہیں۔

(C)فقہی مسالک صرف چار نہیں رہے ہیں۔ (D)چار فقہی مسالک کی پابندی شریعت کا حکم ہے۔

65۔ مقاصد شریعت کے موضوع پر شاطبی کی اہم کتاب کا کیا نام ہے؟

(A)المقاصد العامہ (B)مقاصد الشریعہ (C)الموافقات فی الشریعہ (D)مکارم الشریعہ

66۔ ادارہ مباحث فقہیہ۔ اسلامک فقہ اکیڈمی۔ افتا کونسل۔ المجمع الفقہی الاسلامی: ان کی بابت درج ذیل میں سے کون زیادہ صحیح ہے؟

(A)ہندوستان میں قائم ادارے (B)اجتماعی فقہی اجتہاد کے ادارے

(C)معاصر قانون سازی کے ادارے (D)نسل نو کی تربیت کے ادارے

67۔ 'ہمارا تصوف قرآن اور حدیث کے ساتھ مربوط ہے' کس صوفی کا مشہور مقولہ ہے؟

(A)حسن بصری (B)جنید بغدادی (C)عبدالقادر جیلانی (D)نظام الدین اولیاء

68۔ ابو یزید بسطامی درج ذیل میں سے کس وصف کے لئے مشہور ہیں؟

(A)وحدت الوجود کے لئے (B)سکریہ کلمات کے لئے (C) صحو کے لئے (D)توکل کے لئے

69۔ درست ترتیب بتایئے:

(A)ابوطالب مکی۔ابوحامد غزالی۔عبدالقادر جیلانی۔شہاب الدین سہروردی

(B)عبدالقادر جیلانی۔شہاب الدین سہروردی۔ابوحامد غزالی۔ابوطالب مکی

(C)ابوحامد غزالی۔ابوطالب مکی۔ عبدالقادر جیلانی۔شہاب الدین سہروردی

(D)عبدالقادر جیلانی۔ابوطالب مکی۔ابوحامد غزالی۔شہاب الدین سہروردی

70۔ فتوح الغیب کے مصنف کون ہیں؟

(A) محی الدین ابن عربی　(B) شہاب الدین سہروردی　(C) سید احمد کبیر الرفاعی　(D) عبدالقادر جیلانی

71۔ ابونصر سراج طوسی کی کتاب کا نام کیا ہے؟

(A) التعرف لمذہب اہل التصوف　(B) کتاب اللمع فی التصوف

(C) قوت القلوب　(D) کتاب الطّواسین

72۔ 'الروض الانف' کس فن کی کتاب ہے؟

(A) سیرت　(B) حدیث　(C) تصوف　(D) تاریخ

73۔ نبی کریم ﷺ نبوت سے قبل غار حراء میں جو عبادت انجام دیتے تھے اسے کیا کہا جاتا ہے؟

(A) تعبد　(B) تحنث　(C) تفکر　(D) تزکیہ

74۔ حضرت زید بن حارثہؓ کس جنگ میں امیر لشکر مقرر کیے گئے؟

(A) تبوک　(B) حنین　(C) موتہ　(D) خیبر

75۔ قرآن کریم کی جمع و تدوین کس کے زمانے میں ہوئی؟

(A) ابوبکر　(B) عثمان　(C) عمر فاروق　(D) پہلا اور دوسرا صحیح

76۔ عہد فاروقی میں 'مراسلت کا محکمہ' کیا کہلاتا تھا؟

(A) دیوان رسائل　(B) دیوان برید　(C) دیوان تحصیل　(D) دیوان انشاء

77۔ حضرت عمرؓ نے اپنی جانشینی کے لئے جو کمیٹی بنائی اس کے ممبر درج ذیل میں سے کون نہیں ہیں؟

(A) حضرت عبدالرحمٰنؓ　(B) حضرت زبیرؓ　(C) حضرت ابوعبیدہؓ　(D) حضرت طلحہؓ

78۔ سفر بیت المقدس کے موقع پر حضرت عمرؓ نے کس کو مدینہ میں اپنا قائم مقام بنایا تھا؟

(A) حضرت علیؓ　(B) حضرت عثمانؓ　(C) حضرت ابوعبیدہؓ　(D) حضرت خالدؓ

79۔ جنگ صفین کے موقع پر مجلس تحکیم کے ممبر کون تھے؟

(A) عمرو بن عاصؓ　(B) ابوموسی اشعریؓ　(C) دونوں　(D) کوئی نہیں

80۔ عادل شاہی حکومت کا مرکز ان میں سے کون شہر تھا؟

(A) بیدر　(B) گلبرگہ　(C) احمد نگر　(D) بیجا پور

81۔ مکہ مسجد حیدرآباد کی تعمیر کس بادشاہ نے کرائی؟

(A) محمد قطب شاہ　(B) قلی قطب شاہ　(C) عبداللہ قطب شاہ　(D) ابراہیم قطب شاہ

82۔ ہمایوں کو شیر شاہ نے کس جنگ میں شکست دی؟

(A) جنگ چوسا　(B) جنگ چنار　(C) مالوہ کی جنگ　(D) پنجاب کی جنگ

83۔ برہمن ملک کوچی گجرات کے کس بادشاہ کا وزیر اعظم تھا؟

(A) احمد شاہ　(B) محمود بیگرا　(C) مظفر شاہ　(D) بہادر شاہ

84۔ مغل دور حکومت میں محتسب کی ذمہ داریوں میں شامل نہیں تھا؟

(A) اشیاء کی قیمتوں پر نظر رکھنا　(B) عوامی املاک پر قبضوں کو روکنا

(C) عدالت میں فیصلے کرنا　(D) نشہ خوروں کو سزا دینا

85۔ مغل عہد میں کس شہر کو شیراز ہند کہا جاتا تھا؟

(A) دہلی　(B) آگرہ　(C) جونپور　(D) بنارس

86۔ اکبر نے مشہور عبادت خانہ کس شہر میں قائم کیا تھا؟

(A) آگرہ　(B) دہلی　(C) علی گڑھ　(D) اجمیر

87۔ گلبدن بیگم کی تصنیف کا کیا نام ہے؟

(A) اکبر نامہ　(B) توزک نامہ　(C) ہمایوں نامہ　(D) گلبدن نامہ

88۔ کتاب 'اخبارالاخیار' کے مصنف کون ہیں؟

(A) شیخ عبدالحق　(B) شیخ حسن صغانی　(C) شیخ علی متقی　(D) شیخ طاہر پٹنی

89۔ 'گلشن ابراہیمی' کے مصنف کون ہیں؟

(A) عبدالقادر بدایونی　(B) شاہنواز خاں　(C) قاسم فرشتہ　(D) ابراہیم عادل شاہ

90۔ مغل دور کے دو ماہرین عبدالصمد اور سید علی کا تعلق کس فن سے تھا؟

(A) جنگ　(B) انتظامیہ　(C) تعمیرات　(D) مصوری

91۔ لاہور کی بادشاہی مسجد کی تعمیر کس بادشاہ کے دور کی یادگار ہے؟

(A) شاہ جہاں　(B) جہانگیر　(C) اورنگ زیب　(D) شیر شاہ

92۔ پانی پت کی تیسری جنگ کب پیش آئی؟

(A) 1757　(B) 1761　(C) 1764　(D) 1857

93۔ اورنگ زیب نے ان میں سے کن مندروں کو جاگیریں عطا کیں؟

(A) سومیشور ناتھ مندر الہ آباد　(B) جنگم باڑی شیو مندر بنارس　(C) امانند مندر گوہاٹی　(D) یہ سب

94۔ انگریزوں سے مقابلہ کرتے ہوئے ٹیپو سلطان کی شہادت کب ہوئی؟

(A) 1857　(B) 1761　(C) 1764　(D) 1799

95۔ ذیل میں سے کون بے جوڑ ہے؟

(A) قمرالدین ۔ ریاست حیدرآباد　(B) علی وردی خاں ۔ ریاست بنگال

(C) سعادت خاں ۔ ریاست اودھ　(D) احمد شاہ ابدالی ۔ ریاست پنجاب

96۔ سرسید احمد خاں نے مدرسۃ العلوم کی بنیاد کب رکھی؟

(A) 1875　(B) 1877　(C) 1857　(D) 1920

97۔ 2011 کی مردم شماری کے مطابق ہندوستان میں مسلمانوں کی آبادی کتنی ہے؟

(A) 14.2　(B) 13.2　(C) 12.2　(D) 11.2

98۔ تمام سرکاری ملازمتوں میں مسلمانوں کا تناسب کتنا ہے؟

(A) 4.9　(B) 5.9　(C) 3.9　(D) 2.9

99۔ معلم ثانی کون کہلاتا ہے؟

(A) ارسطو　(B) ابن سینا　(C) فارابی　(D) کندی

100۔ کیمیاء کا باوا آدم کون کہلاتا ہے؟

(A) خالد بن یزید　(B) جابر بن حیان　(C) زکریا رازی　(D) یعقوب کندی

☆☆☆

# Rough Page